# آپ کی لائبریری کے بارے میں

# سب کچھ

## لائبریریاں زندگی تبدیل کرتی ہیں

MISSISSAUGA
Leading today for tomorrow

ترمیم شدہ جنوری 2013

**وائرلیس مسی ساگا**
مسی ساگا لائبریری سسٹم کے سبھی مقامات پر انٹرنیٹ کی مفت رسائی حاصل کریں اور اس کیلئے موزوں لائبریری کارڈ کی ضرورت نہیں ہے۔

**سبھی راستے لائبریری کی طرف جاتے ہیں**
اپنی مقامی لائبریری تک بس روٹ کی معلومات کیلئے، miway.ca پر جائیں یا MiWay کو اس نمبر پر کال کریں
**905-615-INFO / 905-615-4636**


**ہم سے رابطہ کریں**
مسی ساگا لائبریری سسٹم
301 برنہام تھروپ روڈ ڈبلیو۔
مسی ساگا، ON L5B 3Y3
**ٹیلیفون: 905-615-3500**
فیکس: 905-615-3625
**mississauga.ca/library**
library.info@mississauga.ca
www.facebook.com/mississaugalibrary
http://twitter.com/mississaugalib/


لائبریری کارڈ مسی ساگا کے باشندوں یا ان لوگوں کیلئے مفت ہے جو مسی ساگا میں کام کرتے ہیں، یہاں کے اسکول میں زیر تعلیم ہیں یا جن کے پاس اپنا مکان ہے۔

آپ لائبریری کے کسی بھی مقام سے مواد مستعار لینے کیلئے اپنا موزوں کارڈ استعمال کرسکتے ہیں۔ لائبریر ی کارڈ حاصل کرنے کیلئے، شناختی کارڈ لے کر آئیں جس پر آپ کا نام و پتہ درج ہو۔ اگر کوئی تبدیلیاں ہوتی ہیں، جیسے نام، پتہ یا فون نمبر کی تبدیلی تو، براہ کرم اسی وقت عملہ کو مطلع کریں۔ گمشدہ، خراب شدہ، بھولے ہوئے یا مسروقہ کارڈوں کیلئے فیس وصول کی جاتی ہے۔








